(iv) امیدوار نتیجہ کی منسوخی کیلئے درخواست مع بینک چالان کی کاپی اور اصل بیان حلفی کنٹرولر صاحب امتحانات کالجز کے نام اندر معیاد ارسال کریں۔

(v) امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ 2019ء وما بعد سال اول میں شامل ہونے والے طلباء/طالبات جو پارٹ دوم / کمپوزٹ امتحان میں شامل نہ ہوئے ہوں یا تعلیمی سیشن 2023-25 میں رجسٹرڈ ہونے والے امیدواران دوبارہ داخلہ (ری ایڈمیشن) حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ ری ایڈمیشن کی اجازت صرف ایک بار ہوگی۔

(vi) اگر کوئی امیدوار سال 2023ء میں پارٹ اول کے امتحان میں ریگولر شامل ہوا مگر کسی وجہ سے سال 2024ء میں پارٹ دوم میں ریگولر طور پر شامل امتحان نہیں ہوسکا تو اسے آنے والے امتحان پارٹ دوم سیکنڈ اینول 2025ء میں ریگولر طور پر شامل ہونے کی اجازت ہوگی۔

4- **کالج ٹو کالج مائیگریشن۔**

کالج ٹو کالج مائیگریشن صرف امتحانی شیڈول کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ تک کروائی جاسکتی ہے۔ مائیگریشن فیس کی عام شرح -/2000 روپے اور ارجنٹ فیس -/2500 روپے ہے۔

نوٹ:- کالج ٹو کالج مائیگریشن صرف online web portal کے ذریعے ہی ہوگی۔

5- **گروپ کی تبدیلی۔**

6- میڈیکل ٹیکنالوجی میں گروپ تبدیلی کی فیس مبلغ -/5500 روپے ہوگی۔ فارم داخلہ فیڈنگ کے وقت گروپ تبدیلی کی ACCESS دی جائے گی۔

دیگر بورڈز میں متعلقہ ٹیکنالوجی میں رجسٹرڈ ہونے والے/ شامل امتحان ہونے والے اُمیدواران مائیگریشن حاصل کرنے کی صورت میں بورڈ ہذا میں رجسٹریشن کیلئے میڈیکل ٹیکنالوجی کیلئے مقررہ رجسٹریشن فیس ادا کریں گے۔ سربراہ ادارہ ایسے طلباء و طالبات کو کالج لیونگ کے بعد اندر 30 یوم داخلہ دے کر اندر 15 یوم رجسٹریشن ریٹرن بورڈ ہذا میں پہنچانے کے پابند ہونگے۔ رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ دوسرے بورڈ سے جاری شدہ NOC بصورت اصل اور کالج لیونگ سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل ارسال کرنا ہوگی۔ تحت قواعد داخلہ نہ ہونے کی صورت میں رجسٹریشن ریٹرن مسترد کر دی جائے گی۔

7- **ری ایڈمیشن (FSC ٹو میڈیکل ٹیکنالوجی)**

اُمیدوار کی طرف سے کسی دیگر گروپ میں سال اول میں داخلہ حاصل کر کے سال اول میں شامل امتحان ہونے کے بعد یا بدوں امتحان دیئے جاری سیشن میں گروپ تبدیل کر کے ری ایڈمیشن حاصل کرنے کی صورت میں ری ایڈمیشن فیس مبلغ -/4360 روپے تبدیلی گروپ فیس مبلغ -/5500 کل مبلغ -/9860 روپے وصول کیئے جائیں گے۔

8- میڈیکل ٹیکنالوجی گروپ میں سال اول میں شامل امتحان ہونے والے طلباء طالبات بدوں تبدیلی گروپ ری ایڈمیشن حاصل کرنے کے اہل ہونگے۔

9- دوسرے بورڈز سے آنے والے امیدوار اپنے سابقہ بورڈ میں ری ایڈمٹ ہونے کے بعد بورڈ ہذا میں سال اول میں دوبارہ داخلہ لے سکتے ہیں۔

10- تعلیمی سیشن 2023-25 میں حسب ذیل ٹیکنالوجی گروپس میں طلباؤ طالبات کی رجسٹریشن کی جائے گی۔

- i- میڈیکل لیب ٹیکنالوجی
- ii- آپریشن تھیٹر ٹیکنالوجی
- iii- ریڈیالوجی (ایکسرے) ٹیکنالوجی
- iv- ڈینٹل ہائی جین ٹیکنالوجی
- v- آپتھالمک ٹیکنالوجی
- vi- ڈسپینسنگ ٹیکنالوجی
- vii- کارڈیو وسکولر ٹیکنالوجی

20/08/24

(سردار رفیق احمد)
سیکریٹری

نمبر بورڈ رجسٹریشن / 8252-72 / 2024 مورخہ: 20-08-2024

نقل بالا بخدمت:

1- جناب پرنسپل سیکرٹری ہمراہ جناب وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
2- پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب وزیر ہائیر ایجوکیشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
3- پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب سیکریٹری (ہائیر ایجوکیشن/ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
4- جناب ناظم اعلیٰ ہائیر ایجوکیشن/ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن (مردانہ/زنانہ) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
5- جناب ڈویژنل ڈائریکٹر (ہائیر ایجوکیشن/ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) میرپور/مظفرآباد/پونچھ ڈویژن۔
6- ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
7- ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور/تراڑکھل/مظفرآباد۔
8- جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (میڈیکل ٹیکنالوجی)
9- سیکریٹری صاحبان تعلیمی بورڈز لاہور/راولپنڈی/گوجرانوالہ/سرگودھا/فیصل آباد/ڈیرہ غازی خان/ملتان/بہاولپور/ساہیوال۔
10- نمائندگان PTV/APP/روزنامہ نوائے وقت/جنگ/پاکستان/اوصاف/خبریں/انصاف/کائنات/اساس/جناح بغرض اشاعت بطور خبر۔
11- نیوز آڈیٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/تراڑکھل/میرپور۔
12- داخلی تقسیم/آفس آرڈر فائل/مسل متعلقہ/نوٹس بورڈ۔

CamScanner